# 02-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر کے کارپوریٹ ہاسپٹلس اور بیرون ملک خدمات انجام دینے والے ہندوستانی نژاد ڈاکٹرس سے اپیل کی ہے سال میں کم ازکم ایک ہفتہ ریاست کے سرکاری دواخانوں میں خدمات انجام دیں۔

۲۔ضلع سنگاریڈی کے پاشامیلارم میں واقع سکاچی انڈسٹریز لمیٹڈ میں پیرکوپیش آئے حادثہ کے مہلوکین کے ورثہ کوکمپنی کی جانب سے فی کس ایک کروڑ روپے بطور ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

۳۔سابق وزیر وبی آرایس ایم ایل اے ہریش راؤ نے کرشنا اور گوداوری کے پانی کے تنازعہ پر اسمبلی میں کھلے مباحث کیلئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا چیالنج قبول کرلیا ہے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر منشکھ مانڈویانے کہا ہے کہ ای ایل آئی کے ذریعہ آئندہ چار سالوں کے دوران ملازمین اوران کے مالکوں کوایک لاکھ کروڑ روپے فراہم کئے جائیں گے۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ ملک بھر کے نوجوانوں کو سیاست میں سرگرمی سے حصہ لینا چاہئے۔ کانگریس کی ایمرجنسی کے 50 سال کی تکمیل کے موقع پر حیدرآباد میں آج مہیلا مورچہ تلنگانہ اسٹیٹ یونین کی جانب سے کے ایم آئی ٹی میں منعقدہ ایک فرضی پارلیمنٹ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا نظریہ ہے کہ اصولی سیاست کو متعارف کرایا جائے۔انہوں نے کہا کہ اس فرضی پارلیمنٹ میں حصہ لینے والے نوجوانوں کو بہر صورت مستقبل میں اصلی پارلیمنٹ میں ٹھوس طریقہ سے مباحث میں حصہ لینے کے معیار تک پہنچنا ہوگا۔وزیر نے مزید کہا کہ ملک میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی جانب سے بنائے گئے دستور کو پرجوش طریقہ سے نافذ کیا جارہا ہے تاہم 1975ء میں اندرا گاندھی کے دور میں دستور کو نظرانداز کردیا گیا، شہریوں کے حقوق کو دبایا گیا، نیز صحافت کی آزادی کو کچلنے کے علاوہ ملک بھر میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔

TTD

ترو ملا تروپتی دیواستھانم (ٹی ٹی ڈی) نے آج کہا ہے کہ چند ایک سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر ''ترو ملا ہوٹل کی قیمتوں کی تفصیلات'' کے سلسلہ میں ایک پیام وائرل کیا جارہا ہے جبکہ اس سلسلہ میں ساری اطلاعات مکمل طور پر غلط ہیں۔ٹی ٹی ڈی نے اپنے ایک بیان میں انتباہ دیا ہے کہ اِس طرح کی جھوٹی اطلاعات کے ذریعہ بھکتوں کو گمراہ کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔بھکتوں سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ ٹی ٹی ڈی کی سرکاری ویب سائٹwww.tirumala.orgیا کال سنٹر18004254141پر ہی رابطہ کریں۔

CM-DOCTORS

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر کے کارپوریٹ ہاسپٹلس اور بیرون ملک خدمات انجام دینے والے ہندوستانی نژاد ڈاکٹرس سے اپیل کی ہے سال میں کم ازکم ایک ہفتہ ریاست کے سرکاری دواخانوں میں خدمات انجام دیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ڈاکٹرس تلنگانہ کے کسی ایک سرکاری دواخانہ میں ایک ہفتہ بھی گزارتے ہیں تب اس سے زندگیوں کو بدلا جاسکتا ہے۔ریونت ریڈی آج حیدرآباد میں 300 بستر والے نئے اے آئی جی ہاسپٹل بنجارہ ہلز میں افتتاح کے بعد خطاب کررہے تھے۔انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا گیا امریکہ، برطانیہ اور دیگر مما لک میں مقیم ڈاکٹر اکثر اپنے افرادِ خاندان سے ملاقات کیلئے وطن آتے رہتے ہیں لہٰذا اگر وہ اس دوران اپنا کچھ وقت سرکاری دواخانوں میں گزارتے ہیں تب اس سے مریضوں پر بہت اچھا اثر پڑے گا۔سی ایم نے اس موقع پر عوامی صحت کی نگہداشت کو مستحکم بنانے کیلئے حکومت کے روڈ میاپ پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اس وقت ٹیمس کے چند نئے دواخانے قائم کئے جارہے ہیں جن میں گوشہ محل میں عثمانیہ جنرل ہاسپٹل بھی شامل ہے۔ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ تمام تینوں دواخانوں ٹیمس ،نیمس اور ورنگل ہاسپٹل کو دسمبر 2025ءتک تیار کرلیا جائے گا۔ اے آئی جی ہاسپٹلس کے چیرمین ناگیشور ریڈی نے کہا کہ بنجارہ ہلز میں قائم کردہ نئی شاخ سے سکندرآباد اور حیدرآباد کے مرکزی علاقوں میں رہنے والوں کو کافی سہولت ہوگی۔

## ACCIDENT

ضلع سنگاریڈی کے پاشامیلارم میں واقع سکاچی انڈسٹریز لمیٹڈ میں پیر کو پیش آئے حادثہ کے مہلوکین کے ورثہ کو کمپنی کی جانب سے آج فی کس ایک کروڑ روپے بطور ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ کمپنی کی جانب سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اس حادثہ کے نتیجہ میں 40 ملازمین ہلاک ہوئے جبکہ 33 دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ کمپنی انتظامیہ کے مطابق وہ متاثرہ خاندانوں کی مدد کرے گا اور اس سلسلہ میں جاری تحقیقات میں بھی تعاون کیا جارہا ہے۔ کمپنی نے یقین دلایا ہے کہ مہلوکین کے خاندانوں کو ایک کروڑ روپے دئے جائیں گے جبکہ زخمیوں کو مکمل طبی امداد فراہم کی جائے گی۔ کمپنی نے یہ وضاحت کی ہے کہ مذکورہ حادثہ پلانٹ نے ری ایکٹر دھماکہ کے سبب نہیں ہوا جیسا کہ میڈیا کے بعض گوشوں سے کہا گیا ہے۔ کمپنی کے مطابق پاشاہ میلارم پلانٹ کو تقریباً 90 دن تک کیلئے معطل رکھا جائے گا اسی دوران آج دوپہر دھماکہ کے مقام سے ایک اور ورکر کی نعش دستیاب ہوئی۔ اس طرح اب تک 37 نعشیں نکالی جاچکی ہیں۔ پٹن چیرو گورنمنٹ ہاسپٹل کے سپرنٹنڈنٹ سرینواس ریڈی نے کہا کہ اب تک دھماکہ کے مقام سے لائی جانے والی نعشوں کی تعداد 37 ہیں۔

## WEATHER

تلنگانہ بھر میں کئی مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا قوی امکان ہے۔ اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، کوتہ گوڑم، کھمم، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، میدک اور کاماریڈی میں کہیں کہیں شدید بارش کا بھی کافی امکان ہے۔ اس سلسلہ میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کے تمام اضلاع میں مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں بھی چمک سکتی ہیں۔

## FLIGHTS

حیدرآباد میں خراب موسم اور بارش کی بنا پر گھریلو پروازیں لینڈ کرنے سے خاصر رہیں اور ان کا رخ قریبی شہروں کی طرف موڑ دیا گیا۔ ایک بین الاقوامی فلائٹ کو بھی کل شب خراب موسم کے باعث منسوخ کر دیا گیا۔ انڈیگو کی جملہ پانچ پروازوں کے رخ کو موڑ دیا گیا ہے۔ بنگلور سے حیدرآباد آنے والی فلائٹ کو وجئے واڑہ، جبکہ کولکتہ، لکھنؤ، جئے پور اور ممبئی سے آنے والی پروازوں کا رخ بنگلور کی طرف کردیا گیا۔ ایرپورٹ کے عہدیداروں نے بتایا کہ پروازوں کا رخ موڑے جانے کے سبب مسافرین کی حفاظت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

MANDAVIYA ELI

محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر منشکھ مانڈویا نے آج کہا ہے کہ ایمپلائمنٹ سے مربوط اسکیم (ای ایل آئی) کے ذریعہ آئندہ چار سالوں کے دوران ملازمین اور ان کے مالکوں کو ایک لاکھ کروڑ روپے فراہم کئے جائیں گے۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ یہ اسکیم حکومت کی روزگار پر توجہ کی پالیسی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت کسی بھی ایسے نوجوان کو جس نے نئی ملازمت حاصل کی ہے، سال میں دو مرتبہ 7500 روپے دئے جائیں گے۔

Sound Byte.

CRICKET

ہندوستان اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان اینڈرسین۔ٹنڈولکر ٹرافی کے تحت ایڈبیسٹن، برمنگھم کھیلے جارہے دوسرے ٹسٹ میچ کے پہلے دن آج آخری اطلاعات آنے تک ٹیم انڈیا نے ۔۔۔۔ وکٹ کھوکر۔۔۔۔ رن بنالئے ۔انگلینڈ کے کپتان بن اسٹوکس نے ٹاس جیت کر پہلے باؤلنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ہندوستان ٹیم نے اس میچ کیلئے تین تبدیلیاں کی ہیں۔جسپریت بمرا کو آرام دیا گیا ہے۔ان کی جگہ پیسر آکاش دیپ کو شامل کیا گیا ہے۔دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے انگلینڈ کے سابق کرکٹر وین لرکنس کو خراج پیش کرنے کے لئے سیاہ پٹیاں باندھی ہیں۔وہ حال ہی میں چل بسے تھے۔ لرکنس نے 13 ٹسٹ اور 25 ونڈے انٹرنیشنلس کھیلے۔

RAID

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے عہدیداروں نے آج حیدرآباد میں حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی (ایچ ایم ڈی اے) کے سابق ڈائرکٹر شیوا بالاکرشنا کی رہائش گاہ پر دھاوا کیا۔ ریاستی حکومت نے بالاکرشنا کو اس وقت معطل کردیا تھا جب انہیں غیرمحسوب اثاثہ جات کے معاملہ میں گرفتار کیا گیا تھا۔ بالاکرشنا کو جو تلنگانہ اسٹیٹ رئیل اسٹیٹ ریگولیشن اتھاریٹی کے سابق سکریٹری ہیں، سی بی آئی کی جانب سے مارچ 2024ء میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کی گرفتاری 100 کروڑ روپے کے غیرقانونی اثاثہ جات کے معاملہ میں ہوئی تھی۔

OM BIRLA

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کل ہریانہ کے علاقہ مانیسر میں ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے ادارہ جات مقامی کے صدور نشین کی قومی سطح کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ دو روزہ اِس کانفرنس کا موضع ''دستوری جمہوریت کو مستحکم کرنے کے لئے ادارہ جاتِ مقامی کا کردار اور قوم کی تعمیر'' دیا گیا ہے۔

HARISH

سابق وزیر وبی آر ایس ایم ایل اے ہریش راؤ نے کرشنا اور گوداوری کے پانی کے تنازعہ پر اسمبلی میں کھلے مباحث کیلئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا چیالنج قبول کرلیا ہے۔ تاہم انہوں نے یہ مطالبہ کیا کہ اس سلسلہ میں ایک اچھا پلیٹ فام اور بنا کسی گڑبڑ کے صحتمندانہ مباحث ہونے چاہئے۔ تلنگانہ بھون میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ ریونت ریڈی، اپیکس کونسل میں ہوئی بات چیت کے تعلق سے عوام کو گمراہ کررہے ہیں۔ ہریش راؤ کے مطابق سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے گوداوری۔ پینا یا بنکا چرلہ پراجکٹس پر کبھی بھی بات چیت نہیں کی تاہم صرف یہ تجویز رکھی تھی کہ گوداوری سے 3 ہزار ٹی ایم سی فٹ فاضل پانی سے استفادہ کیا جائے۔

○○